❁ مسجد میں داخل ہونے کے آداب ❁

﴿۱﴾ بائیں پاؤں سے جوتا اتارنا ۔(بخاری)

﴿۲﴾ دائیں پاؤں سے مسجد میں داخل ہونا۔(بخاری)

﴿۳﴾ بسم اللہ پڑھنا۔(ابن ماجہ)

﴿۴﴾ درود شریف پڑھنا۔مثلا بِسْمِ اللّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہ(ترمذی)

﴿۵﴾ مسجد میں داخل ہونے کی دعا پڑھنا۔

﴿۶﴾ اعتکاف کی نیت کرنا۔

❁ مسجد سے نکلنے کے آداب ❁

﴿۱﴾ مسجد سے بایاں پاؤں باہر نکالنا۔(بخاری)

﴿۲﴾ بسم اللہ پڑھنا۔(ابن ماجہ)

﴿۳﴾ درود شریف پڑھنا۔ مثلاً بِسْمِ اللّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہ (ترمذی)

﴿۴﴾ مسجد سے نکلنے کی دعا پڑھنا۔ (مسلم)

﴿۵﴾ پہلے دائیں پاؤں میں جوتا پہننا پھر بائیں پاؤں میں۔ (بخاری)

❁ وضوء کے فرائض ❁

وضوء میں چار فرض ہیں۔

﴿۱﴾ پیشانی کے بالوں سے ٹھوڑی کے نیچے تک ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لوتک پورا چہرا دھونا

﴿۲﴾ دونوں ہاتھ کہنیوں سمیت دھونا

﴿۳﴾ چوتھائی سر کا مسح کرنا

﴿۳﴾ دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھونا

❁ غسل کے فرائض ❁

غسل میں تین فرض ہیں۔

﴿۱﴾ کلی کرنا

﴿۲﴾ ناک میں پانی ڈالنا

﴿۳﴾ پورے بدن پر اس طرح پانی بہانا کہ ایک بال برابر بھی کوئی جگہ باقی نہ رہے۔

 جماعت نمبر ۵ کیلئے مع گذشتہ آداب وفرائض

(یعنی چار سے دس پارہ کی جماعت)

❁ غسل کے آداب ❁

(۱) غسل کرنے سے پہلے استنجاء کرنا۔ (بخاری)

(۲) تین مرتبہ دونوں ہاتھ گٹوں تک دھونا۔ (بخاری)

(۳) بدن پر ناپاکی لگی ہو تو اسکو دھو کر پاک کرنا۔ (بخاری)

(۴) غسل کی نیت کرنا۔ (بخاری)

(۵) وضوء کرنا۔ (بخاری)

(۶) پورے بدن پر پانی بہانا۔ (ابوداؤد)

(۷) جہاں پانی نہ پہنچا ہو وہاں ہاتھ سے مل کر پانی پہنچانا۔ (ابوداؤد)

غسل کے بعد کپڑے سے پونچھنا بھی ثابت ہے اور نہ پونچھنا بھی لہذا جو بھی صورت آپ اختیار کریں سنت ہونے کی نیت کرلیا کیجئے۔ (ابوداود)

❁ وضوء کی سنتیں ❁

(۱) نیت کرنا مثلاً یہ کہ نماز کے مباح ہونے کے لئے وضوء کرتا ہوں۔ (بخاری)

(۲) **بسم اللہ الرحمن الرحیم** پڑھ کر وضوء کرنا، بعض روایات میں وضوء کی بسم اللہ اسطرح آئی ہے **بِسْمِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی دِیْنِ الْاِسْلَامِ**

(۳) پہلے تین مرتبہ دونوں ہاتھ پہنچوں تک دھونا۔ (بخاری)

(۴) مسواک کرنا مسواک نہ ہو تو انگلی سے دانتوں کو ملنا۔ (بخاری)

(۵) تین بار کلی کرنا۔ (بخاری)

(۶) تین بار ناک میں پانی چڑھانا۔ (بخاری)

(۷) تین بار ناک جھاڑنا۔

(۸) ہر عضو کو تین بار دھونا۔ (ابن ماجہ)

(۹) چہرہ دھوتے وقت داڑھی کا خلال کرنا۔ (ترمذی)

(۱۰) ہاتھ اور پیر دھوتے وقت انگلیوں کا خلال کرنا۔ (ترمذی)

(۱۱) ایک بار تمام سر کا مسح کرنا۔ (بخاری)

(۱۲) سر کے مسح کے ساتھ کانوں کا مسح کرنا۔ (ابن ماجہ)

(۱۳) پے در پے وضوء کرنا۔ (مؤطا امام مالک)

(۱۴) ترتیب سے وضوء کرنا۔ (بخاری)

(۱۵) وضوء کے بعد کلمۂ شہادت پڑھ کر یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِیْنَ. (مسلم)

۞ وضوء کے مستحبات ۞

(۱) داہنی طرف سے شروع کرنا۔

(۲) گردن کا مسح کرنا۔

(۳) کسی کی مدد کے بغیر خود وضوء کرنا۔

(۴) قبلہ رخ ہو کر وضوء کرنا۔

(۵) پاک اور اونچی جگہ بیٹھ کر وضوء کرنا۔

۞ وضوء کے مکروہات ۞

(۱) ناپاک جگہ میں وضوء کرنا۔

(۲) داہنے ہاتھ سے ناک صاف کرنا۔

(۳) وضوء کرتے وقت دنیوی باتیں کرنا۔

(۴) سنت کے خلاف وضوء کرنا۔

۞ وضوء کے نواقض (یعنی وضوء کو توڑنے والی چیزیں) ۞

آٹھ چیزوں سے وضوء ٹوٹ جاتا ہے انہیں نواقض وضوء کہتے ہیں۔

(۱) پاخانہ یا پیشاب کرنا یا ان دونوں راستوں سے کسی اور چیز کا نکلنا

(۲) ہوا کا پیچھے سے نکلنا۔

(۳) بدن کے کسی مقام سے خون یا پیپ کا نکل کر بہ جانا۔

(۴) منہ بھر کے قے کرنا۔

(۵) لیٹ کر یا سہارا لگا کر سو جانا۔

(۶) بیماری یا کسی اور وجہ سے بے ہوش ہو جانا۔

(۷) مجنون یا پاگل ہو جانا۔

(۸) نماز میں قہقہہ مار کر ہنسنا۔

☆ جماعت نمبر۶ کیلئے مع گذشتہ آداب وفرائض

(یعنی گیارہ سے بیس پارہ کی جماعت)

۞ جمعہ کی سنتیں ۞

(۱) غسل کرنا۔

(۲) صاف کپڑا پہننا۔

(۳) مسجد میں جلدی جانے کی فکر کرنا۔

(۴) مسجد پیدل جانا۔

(۵) امام کے قریب بیٹھنے کی کوشش کرنا۔

(۶) اگر صفیں پُر ہیں تو صفوں کو پھاند کر آگے نہ بڑھنا۔

(۷) لہولعب اور بات کرنے سے بچنا۔

(۸) خطبہ غور سے سننا۔

(۹) عطر لگانا۔

۞ نماز کے شرائط ۞

نماز کے سات شرائط ہیں۔

(۱) اگر وضوء نہ ہو تو وضوء کرے اور نہانے کی ضرورت ہو تو غسل کرے۔

(۲) بدن اور کپڑے پر کوئی نجاست لگی ہو تو اس کو پاک کرنا۔

(۳) جگہ کا پاک ہونا۔ (یعنی دونوں قدم اور گھٹنوں اور ہاتھوں اور سجدہ کی جگہ کا پاک ہونا)

(۴) ستر کا چھپانا۔ (یعنی مرد کو ناف سے لیکر گھٹنے کے نیچے تک اور عورت کے لئے دونوں ہتھلیاں اور پاؤں اور منہ کے سوا تمام بدن کا ڈھانکنا فرض ہے۔)

(۵) نماز کا وقت ہونا۔

(۶) قبلہ کی طرف منہ کرنا۔

(۷) نیت کرنا۔ (یعنی جو نماز پڑھنا ہے دل سے اس کا ارادہ کرنا)

۞ نماز کے ارکان ۞

نماز کے چھ ارکان ہیں۔

(۱) تکبیر تحریمہ یعنی اللّٰہ اکبر کہنا۔

(۲) قیام یعنی کھڑا ہونا۔

(۳) قرائت یعنی قرآن میں سے کوئی سورت یا آیت پڑھنا۔

(۴) رکوع کرنا۔

(۵) ہر رکعت میں دو سجدے کرنا۔

(۶) قعدۂ اخیرہ (یعنی نماز کے اخیر میں جتنی دیر التحیات پڑھنے میں لگتی ہے اتنی دیر بیٹھنا)

❁ نماز کے واجبات ❁

نماز کے واجبات آٹھ ہیں۔

(۱) سورۂ فاتحہ (یعنی الحمد شریف) پڑھنا۔

(۲) سورۂ فاتحہ کے ساتھ کوئی سورت ملانا۔

(۳) ہر فرض کو اپنے موقع پر ادا کرنا۔ مثلاً رکوع کو رکوع کے وقت میں ادا کرنا نہ پہلے نہ بعد میں

(۴) دو رکعات پر بیٹھنا۔

(۵) دونوں قاعدہ میں تشہد پڑھنا۔

(۶) وتر کی نماز میں دعائے قنوت پڑھنا۔

(۷) لفظ سلام سے نماز پوری کرنا۔

(۸) ہر چیز کو اطمینان سے ادا کرنا۔

☆ جماعت نمبر۷ کیلئے مع گذشتہ آداب وفرائض

(یعنی ۲۰ پارہ سے ۳۰ کی جماعت)

❁ نماز کی سنتیں ❁

نماز میں اکیس سنتیں ہیں۔

﴿قیام کی سنتیں﴾

(۱) تکبیر تحریمہ کہتے وقت دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھانا۔

(۲) دونوں ہاتھ کی انگلیاں اپنے حال پر اور ہتھیلیاں قبلہ رخ رکھنا۔

(۳) تکبیر کہتے وقت سر کو نہ جھکانا۔

(۴) امام کا تکبیر تحریمہ اور ایک رکن سے دوسرے رکن میں جاتے وقت تکبیر کا بقدر حاجت بلند آواز سے کہنا۔

(۵) سیدھے ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر ناف کے نیچے باندھنا۔

(۶) ثنا پڑھنا۔

﴿قراءۃ کی سنتیں﴾

(۷) تعوذ (یعنی اعوذ باللہ پڑھنا)

(۸) بسم اللہ پڑھنا۔

(۹) آمین کہنا (آمین آہستہ سے کہنا امام ابوحنیفہؒ کے یہاں اولی ہے)

(۱۰) تعوذ، تسمیہ، اور آمین سب کو آہستہ سے کہنا۔

(۱۱) فرض نماز کی تیسری اور چوتھی رکعات میں آہستہ آواز سے سورۂ فاتحہ پڑھنا۔

(۱۲) سنت کے مطابق قراءۃ کرنا۔

﴿رکوع، سجدہ، قومہ کی سنتیں﴾

(۱۳) رکوع اور سجدہ میں تین تین بار تسبیح پڑھنا۔

(۱۴) رکوع میں سر اور پیٹھ کو ایک سیدھ میں برابر رکھنا، اور دونوں ہاتھ کی کھلی انگلیوں سے گھٹنوں کو پکڑنا۔

(۱۵) قومہ میں امام کو (سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ) اور مقتدی کو (ربَّنَا وَلَکَ الحَمْدَ) اور منفرد کو دونوں کہنا۔

(۱۶) سجدہ میں جاتے وقت پہلے دونوں گھٹنے پھر دونوں ہاتھ پھر ناک پھر پیشانی رکھنا۔

﴿جلسہ اور قاعدہ کی سنتیں﴾

(۱۷) جلسہ اور قاعدہ میں بایاں پاؤں بچھا کر اس پر بیٹھنا، اور سیدھے پاؤں کو اس طرح کھڑا رکھنا کہ اس کی انگلیوں کے سرے قبلہ کی طرف رہیں، اور دونوں ہاتھ رانوں پر رکھنا۔

(۱۸) تشہد میں اَشْھَدُ اَنْ لَا اِلٰہَ اِلا اللّٰہ پر کلمہ کی انگلی سے اشارہ کرنا۔

(۱۹) قعدہ اخیرہ میں تشہد کے بعد درود پڑھنا۔

(۲۰) درود کے بعد دعا پڑھنا۔

(۲۱) پہلے دائیں طرف پھر بائیں طرف سلام پھرنا ۔

نوٹ:۔ نماز کی اکیاون سنتیں بیان کی جاتی ہیں۔

قیام میں (۱۱)	قراءۃ کی (۷)	رکوع کی (۸)	سجدہ کی (۱۲)	قاعدہ کی (۱۳)

بچوں کے لئے ان سب کا تفصیلات کے ساتھ یاد رکھنا دشوار ہے اس لئے اکیس میں سمیٹ کر یہاں ذکر کردی ہیں۔ اساتذہ ہفتہ میں ایک دن متعین کر کے عملی طور بچوں کو نماز کی مشق کرائیں، تاکہ نماز کے فرائض، واجبات، سنن، مستحضر ہو جائے۔

اسمائے حسنی

وَلِلّٰہِ الاسماء الحسنی فادْعُوْہُ بِھَا

ترجمہ: اور اللہ تعالی کے بہت سے اچھے اچھے نام ہیں پس تم اللہ کو اس کے ناموں سے پکارا کرو

عَنْ ابی ھریرہ عَنْ النبی ﷺ قال للّٰہِ تِسْعَۃٌ وَتِسْعِینَ اِسْمًامَنْ حفِظَھَادَخَلَ الجَنَّۃَ.

عَنْ ابی ھریرہ عَنْ النبی ﷺ قال للّٰہِ تِسْعَۃٌ وَتِسْعِینَ اِسْمًامَنْ اَحْصَاھَا دَخَلَ الجَنَّۃَ.

ترجمہ:. ابوہریرہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا اللہ

تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں جو اس کو یاد رکھے گا وہ جنت میں داخل ہوگا۔

☆ جماعت نمبر۴ کیلئے (یعنی ۱ سے ۳)

۞هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَا اِلٰهَ هُو۞

اَلْمَلِكُ	اَلْقُدُّسُ	اَلسَّلَامُ	اَلْمُؤْمِنُ
اَلْمُهَيْمِنُ	اَلْعَزِيْزُ	اَلْجَبَّارُ	اَلْمُتَكَبِّرُ
۞	اَلْخَالِقُ	اَلْبَارِئُ	اَلْمُصَوِّرُ
اَلْغَفَّارُ	اَلْقَهَّار	اَلْوَهَّابُ	اَلرَّزَّاقُ
اَلْفَتَّاحُ	اَلْعَلِيْمُ	۞	۞ یہ وقف کا نشان ہے

☆ جماعت نمبر۵ کیلئے (یعنی ۴ سے ۱۰)مع گذشتہ

اَلْقَابِضُ	اَلْبَاسِطُ	اَلْخَافِضُ	اَلرَّافِعُ

اَلْمُعِزُّ	اَلْمُذِلُّ	اَلسَّمِيْعُ	اَلْبَصِيْرُ. ۞
اَلْحَكَمُ	اَلْعَدْلُ	اَللَّطِيْفُ	اَلْخَبِيْرُ
اَلْحَلِيْمُ	اَلْعَظِيْمُ	۞	اَلْغَفُوْرُ
اَلشَّكُوْرُ	اَلْعَلِيُّ	اَلْكَبِيْرُ	اَلْحَفِيْظُ
اَلْمُقِيْتُ	۞	اَلْحَسِيْبُ	اَلْجَلِيْلُ
اَلْكَرِيْمُ	اَلرَّقِيْبُ	اَلْمُجِيْبُ	اَلْوَاسِعُ
۞	اَلْحَكِيْمُ	اَلْوَدُوْدُ	اَلْمَجِيْدُ
اَلْبَاعِثُ	اَلشَّهِيْدُ	اَلْحَقُّ	اَلْوَكِيْلُ. ۞

☆ جماعت نمبر۶ کیلئے (یعنی ۱۱ سے ۲۰)مع گذشتہ

اَلْقَوِيُّ	اَلْمَتِيْنُ	اَلْوَلِيُّ	اَلْحَمِيْدُ
اَلْمُحْصِيْ	اَلْمُبْدِئُ	اَلْمُعِيْدُ	۞
اَلْمُحْيِيْ	اَلْمُمِيْتُ	اَلْحَيُّ	اَلْقَيُّوْمُ

اَلْوَاجِدُ	اَلْمَاجِدُ	اَلْوَاحِدُ	اَلاَحَدُ
اَلصَّمَدُ	اَلْقَادِرُ	اَلْمُقْتَدِرُ	❁
اَلْمُقَدِّمُ	اَلْمُؤَخِّرُ	اَلاَوَّلُ	اَلآخِرُ
اَلظَّاهِرُ	اَلبَاطِنُ	اَلْوَالِیُ	اَلْمُتَعَالِیُ
❁	اَلْبَرُّ	اَلتَّوَّابُ	اَلْمُنْتَقِمُ
اَلْعَفُوُّ	اَلرَّؤُوْفُ	مَالِکَ الْمُلْکِ	ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

☆ جماعت نمبر ۷ کیلئے (یعنی ۲۱ سے ۳۰) مع گذشتہ

اَلْمُقْسِطُ	اَلْجَامِعُ	اَلْغَنِیُّ	اَلْمُغْنِیُ
اَلمَانِعُ	اَلضَّارُّ	النَّافِعُ	اَلنُّوْرُ
اَلْهَادِیُ	اَلْبَدِیْعُ	❁	اَلْبَاقِیُ
اَلْوَارِثُ	اَلرَّشِیْدُ	اَلصَّبُوْرُ	❁

﴿اسلامی معلومات پر مشتمل سوالات اور جوابات﴾

☆ جماعت نمبر ۴ کیلئے

﴿۱﴾ کیا اللہ پاک کو ہر چیز کا علم ہوتا ہے؟

ہاں اللہ پاک کو ہر وقت ہر چیز کا علم ہوتا ہے۔

﴿۲﴾ موت اور زندگی کس کے حکم سے آتی ہے؟

موت اور زندگی اللہ کے حکم سے آتی ہے۔

﴿۳﴾ جو انسان اللہ کو نہ مانے وہ کیسا ہے؟

جو انسان اللہ کو نہ مانے وہ کافر ہے۔

﴿۴﴾ جو انسان اللہ کے علاوہ کسی دوسرے کی عبادت کرے وہ کیسا ہے؟

وہ مشرک ہے۔

﴿۵﴾ مرنے کے بعد کافر اور مشرک کی کیا حالت ہوگی؟

وہ جہنم میں جائیں گے اور اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

﴿۶﴾ سب سے پہلے نبی کون ہیں؟

سب سے پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔

﴿۷﴾ سب سے آخری نبی کون ہیں؟

سب سے آخری نبی حضرت محمد ﷺ ہیں۔

﴿۸﴾ جوانسان اللہ کا ذرہ برابر خوف نہ رکھے وہ مسلمان ہوسکتا ہے؟

وہ مسلمان نہیں ہوسکتا۔

﴿۹﴾ فرشتے کون ہیں؟ اور کیا کام کرتے ہیں؟

فرشتے اللہ کی نورانی مخلوق ہے۔ اور اللہ کا جو حکم ہوتا ہے اس کو پورا کرتے ہیں

﴿۱۰﴾ اللہ کی بڑی بڑی کتابیں کتنی ہیں؟

اللہ کی بڑی بڑی کتابیں چار ہیں۔ تورات، زبور، انجیل، قرآن۔

﴿۱۱﴾ قرآن شریف کس پر نازل ہوا؟

قرآن پاک ہمارے نبی محمد ﷺ پر نازل ہوا۔

﴿۱۲﴾ جوانسان نبی ﷺ کا کہنا مانے اور ان کی سنتوں پر عمل کرے وہ مرنے کے بعد کیسی حالت میں ہوگا؟

جنت میں جائے گا جہاں ہر قسم کا آرام ہوگا۔

﴿۱۳﴾ جوانسان نبی ﷺ کی نافرمانی کرے وہ کیسا ہے؟

جوانسان نبی ﷺ کی نافرمانی کرے وہ فاسق ہے۔

﴿۱۴﴾ اللہ پاک نے ہم کو کیوں پیدا کیا؟

اللہ نے ہم کو اپنی عبادت اور بندگی کے لئے پیدا کیا۔

﴿۱۵﴾ مسلمان اللہ کی عبادت کیسے کرتے ہیں؟

نماز پڑھتے ہیں، روزہ رکھتے ہیں، مال کی زکواۃ ادا کرتے ہیں، حج کرتے ہیں

﴿۱۶﴾ ایمان اور توحید کیا ہے؟

زبان سے کلمہ (لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰه) پڑھنا اور دل سے اس کو سچا جاننا۔

﴿۱۷﴾ ہمارے نبی ﷺ کب اور کہاں پیدا ہوئے۔

ہمارے نبی ﷺ ۲۰ اپریل ۵۷۱ء ۱۲ ربیع الاول دوشنبہ کے روز مکہ شہر میں پیدا ہوئے۔

﴿۱۸﴾ قرآن پاک کتنے سالوں میں نازل ہوا؟

قرآن پاک تیئیس (۲۳) سالوں میں تھوڑا تھوڑا اُتارا گیا۔

﴿۱۹﴾ قرآن پاک میں کتنی سورتیں ہیں؟

قرآن پاک میں ۱۱۴ سورتیں ہیں

﴿۲۰﴾ قرآن پاک میں کتنے سجدے ہیں؟

قرآن پاک میں چودہ (۱۴) سجدے ہیں

☆ جماعت نمبر ۵ کیلئے (گذشتہ سوالات اور جوابات کے ساتھ)

﴿۱﴾ سلام یعنی (السلام علیکم) کا کیا مطلب ہے؟

تم پر اللہ کی سلامتی اور رحمت ہو۔

﴿۲﴾ اسلام کیا سکھاتا ہے؟

اللہ ایک ہے. عبادت کے لائق اللہ ہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے اور رسول ہیں. قرآن اللہ کی کتاب ہے. دنیا اور آخرت کی بھلی باتیں سکھاتا ہے.

﴿۳﴾ اللہ کس کا نام ہے؟

جس نے ہم سب کو پیدا کیا. زمین آسمان، چاند، سورج، اور تمام مخلوق کو پیدا کیا اس ذات کا نام اللہ ہے۔

﴿۴﴾ اللہ کے کوئی ماں باپ یا اولاد ہیں؟

نہیں ، اللہ تعالی ایسے رشتے سے پاک ہے. ﴿قرآن نے فرمایا﴾

﴿ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ﴾ اللہ پاک کی کوئی اولاد نہیں اور نہ اللہ کسی کی اولاد ہے۔

﴿۵﴾ اللہ تعالی کے انسان کی طرح ہاتھ پاؤں ہیں؟

نہیں، اللہ تعالی جسم سے پاک اور بے مثال ہیں۔ اس کے جیسا کوئی نہیں ہے

﴿۶﴾ اللہ تعالی کے صفاتی نام کتنے ہیں؟

اللہ پاک کے (۹۹) نام ہیں۔ ان کو اسمائے حسنی کہتے ہیں۔

﴿۷﴾ نبی اور رسول کون ہوتے ہیں؟

اللہ کے بندے اور انسان ہوتے ہیں جن پر کتابیں نازل ہوتی ہیں۔

﴿۸﴾ نبی اور رسول کیا کام کرتے ہیں؟

اللہ کی باتیں لوگوں کو سکھاتے ہیں، اور سمجھاتے ہیں۔

﴿۹﴾ اب کوئی کتاب اور نبی آئے گا؟

نہیں، حضرت محمد ﷺ آخری نبی ہے، اور قرآن آخری کتاب ہے۔

﴿۱۰﴾ چار مشہور فرشتے کون سے ہیں۔

حضرت جبرئیلؑ، حضرت مکائیلؑ، حضرت اسرافیلؑ، حضرت عزرائیلؑ۔

﴿۱۱﴾ قبر میں سوال کرنے والے فرشتوں کے نام بتاؤ؟

قبر میں سوال کرنے والے فرشتوں کے نام منکر اور نکیر۔

﴿۱۲﴾ قیامت کون سے دن کو کہتے ہیں؟

جس دن تمام انسان ختم ہو جائیں گے، اور دنیا بھی نابود ہو جائے گی اس دن کو قیامت کہا جاتا ہے۔

﴿۱۳﴾ قیامت کے بعد کیا ہوگا؟

میدان محشر میں سب انسان جمع ہوں گے اور اللہ پاک حساب لیں گے اچھے انسان کو جنت ملی گی، اور برے لوگوں کو جہنم میں بھیج دیا جائے گا۔

﴿۱۴﴾ چھوٹے گناہ کرنے سے عذاب ہوگا؟

ہاں چھوٹے گناہ کرنے سے بھی عذاب ہوگا۔

﴿۱۵﴾ ماں باپ کی خدمت کرنے سے کیا ملتا ہے؟

دنیامیں راحت اورآخرت میں جنت ملتی ہے۔

﴿۱۶﴾ ماں باپ کی نافرمانی کرنے سے کیا ہوتا ہے؟

دنیامیں بھی نقصان اورآخرت میں عذاب ملتا ہے۔

﴿۱۷﴾ جنت کیا ہے؟

نیک مسلمان کے رہنے کی جگہ ہے، جہاں آرام کے لئے ہرقسم کا سامان ہیں ۔اور ہرقسم کے پھل اور میوے ہیں، اورخوب صورت مکان اور باغ بھی ہیں۔

﴿۱۸﴾ جہنم کیا ہے؟

جہنم بہت بری جگہ ہے جہاں برے اور گنہگار لوگوں کو عذاب ہوتا ہے۔

﴿۱۹﴾ کیامسلمان بھی جہنم میں جائیں گے؟

ہاں گنہگار مسلمان سزاپانے تک جہنم میں ڈالے جائیں گے۔

﴿۲۰﴾ جہنم میں ہمیشہ کون رہے گا؟

کافراورمشرک لوگ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے۔

﴿۲۱﴾ اسلامی مہینوں کے نام بتاؤ؟

محرم الحرم ، صفرالمظفر ، ربیع الاول ، ربیع الثانی ،جمادی الاول ، جمادی الثانی ، رجب المرجب ، شعبان المعظم ،

رمضان المبارک ، شوال المکرم ، ذو القعدۃ الحرم ، ذو الحجۃ الحرام...

﴿۲۲﴾ خلفاء راشدین کے نام بتاؤ؟

(۱) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ (۲) حضرت عمر رضی اللہ عنہ (۳) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ (۴) حضرت علی رضی اللہ عنہ

☆ جماعت نمبر۶ کے لئے (گذشتہ سوالات اور جوابات کے ساتھ)

﴿۱﴾ شرک کس کو کہتے ہیں؟

اللہ تعالی کی ذات اور صفات میں اور عبادت میں مخلوق کو شریک کرنے کو شرک کہتے ہیں۔

﴿۲﴾ تقدیر کیا ہے؟

مخلوقات کو پیدا کرنے سے پہلے ان کے تمام احوال کو اللہ پاک نے لوح محفوظ میں لکھا ہے اس کو تقدیر کہتے ہیں۔

﴿۳﴾ غیب پر ایمان لانا کس کو کہتے ہیں؟

جس کی خبر عقل اور حواس سے نہ ہوسکے اس کے مان لینے کو غیب پر ایمان لانا کہتے ہیں۔

﴿۴﴾ کیا تقدیر اور غیب پر ایمان لانا ضروری ہے؟

ہاں ضروری ہے۔ایمان نہ لانے والامؤمن نہیں کہا جائے گا۔

﴿۵﴾ غیب کاعلم اللہ پاک کے علاوہ کسی کو ہے؟

کسی کونہیں ہے، نبی اور رسول کو بھی اتنا ہی علم ہوتا ہے جتنا اللہ پاک وحی کے ذریعہ بتاتے ہیں۔

﴿۶﴾ جوانسان حلال کوحرام،اورحرام کوحلال سمجھے وہ کیسا ہے؟

وہ مؤمن اور مسلمان نہیں ہے۔

﴿۷﴾ معراج کس کو کہتے ہیں؟

ایک ہی رات میں بیداری کی حالت میں نبی ﷺ نے ساتوں آسمان، جنت اور جہنم کا سفر کیا تھا اس کومعراج کہتے ہیں۔

﴿۸﴾ صحابی کس کو کہتے ہیں؟

جن لوگوں نے ایمان کی حالت میں نبی کریم ﷺ کو دیکھا اور ایمان کی حالت میں وفات ہوئی ان کوصحابی کہتے ہیں۔

﴿۹﴾ کسی صحابی کوفاسق اور برا بھلا کہنا کیسا ہے؟

بالکل جائزنہیں ہے، گناہ ہے۔

﴿۱۰﴾ ولی کس کو کہتے ہیں؟

جوانسان اللہ تعالی کے احکام اور نبی ﷺ کی سنتوں کے مطابق بہت زیادہ

عبادت کرے اس کوولی کہتے ہیں۔

﴿۱۱﴾ ولی سے اللہ تعالی کے احکام معاف ہوسکتے ہیں؟

کسی انسان سے اللہ کے احکام معاف نہیں ہوسکتے۔

﴿۱۲﴾ قیامت کب آئے گی؟

قیامت آنے کی صحیح خبر اللہ کے علاوہ کسی کونہیں ہے،البتہ اس کی بہت سی نشانیاں ہمارے نبی ﷺ نے بتائی ہیں۔

﴿۱۳﴾ قبر میں مردے سے فرشتے کیا سوال کریں گے؟

تین سوال کریں گے(۱) تیرارب کون ہے (۲) تیرے نبی کون ہیں (۳) تیرادین کیا ہے

﴿۱۴﴾ قبر میں فرشتوں کے سوالات کے صحیح جواب دینے والوں کو کیا ملے گا؟

جنت اور جنت کی نعمتیں ملینگی۔اور اللہ ان سے راضی ہوں گے۔

﴿۱۵﴾ بازاراور راستوں میں کھلے سرٹوپی اور دوپٹہ کے بغیر پھرنا کیسا ہے؟

اسلام کے دشمن اور اللہ تعالی سے بغاوت رکھنے والوں کا طریقہ ہے۔

﴿۱۶﴾ ماں باپ کے حقوق بتاؤ؟

ماں باپ کے سات حق ہیں۔(۱) جائز کاموں میں ان کی بات ماننا(۲) بلانے پر حاضر ہونا (۳) جو بات کہے اس کو دھیان سے سننا(۴) تکلیف نہ دینا

(۵) ان کی قبر کی زیارت کرنا۔(۶) قرآن پڑھ کر اور صدقہ کرکے ثواب پہونچانا۔(۷) وصیت کی ہوتو اس کو پورا کرنا۔

﴿۱۷﴾ حسد کس کو کہتے ہیں؟

دوسرے کی اچھی حالت دیکھ کر دل میں جلنا اور اس کے ختم ہونے کی تمنا کرنا۔

﴿۱۸﴾ غیبت کس کو کہتے ہیں؟

دوسرے کی غیر حاضری میں اس کی برائی کرنا۔

﴿۱۹﴾ کیا جہنمیوں اور جنتیوں کو کبھی موت آئے گی۔

نہیں، جنتیوں اور جہنمیوں کو کبھی موت نہ آئے گی جنتی ہمیشہ ہمیشہ جنت میں رہیں گے۔اور جہنمی ہمیشہ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے۔

﴿۲۰﴾ استاذ کے حقوق بتاؤ؟

استاذ سے اپنے آپ کو کم درجہ سمجھنا۔اور جائز کام میں بات ماننا، اور ادب سے پیش آنا۔

☆ جماعت نمبر ۷ کے لئے (گذشتہ سوالات اور جوابات کے ساتھ)

﴿۱﴾ اوتار کس کو کہتے ہیں؟

لوگوں کی اصلاح کے لئے اللہ پاک کا انسان کی شکلوں میں آنا۔

﴿۲﴾ کیا اوتار کا عقیدہ صحیح ہے؟

ہرگز نہیں، غلط ہے۔یہ غیر مسلموں کا عقیدہ ہے

﴿۳﴾ کیا اللہ پاک کسی کی شکل میں آتے ہیں؟

ہرگز نہیں، کسی کی شکل وصورت میں نہیں آتے بلکہ اللہ تعالی شکل وصورت سے پاک ہے

﴿۴﴾ حضرت عیسیٰؑ اللہ تعالی کے بیٹے تھے؟

نہیں اللہ تعالی کے بندے اور رسول تھے۔

﴿۵﴾ اللہ تعالی کے بعد مخلوق میں سب سے افضل کون ہے؟

اللہ کے بعد مخلوق میں سب سے افضل ہمارے نبی ﷺ ہیں۔

﴿۶﴾ کیا وید، گیتا، راماین آسمانی کتابیں ہیں؟

ان کتابوں کے آسمانی ہونے کی کوئی دلیل ہمارے پاس نہیں ہے۔اس لئے ان کتابوں کے آسمانی ہونے کی نہ تصدیق کریں گے نہ تکذیب۔

﴿۷﴾ مرزا غلام احمد قادیانی اللہ کا نبی ہے؟

نہیں، وہ جھوٹا آدمی تھا۔

﴿۸﴾ معجزہ کس کو کہتے ہیں؟

کسی نبی سے ایسا کام وجود میں آئے جس کے کرنے سے لوگ عاجز رہ

جائے اس کو معجزہ کہتے ہیں۔

﴿۹﴾ ہمارے نبی ﷺ کا بڑا معجزہ کیا ہے؟

ہمارے نبی ﷺ کا بڑا معجزہ قرآن ہے۔

﴿۱۰﴾ کسی کی قبر پر سجدہ کرنا اور مرادیں مانگنا جائز ہے۔

ہرگز نہیں، حرام اور شرک ہے۔

﴿۱۱﴾ عالم برزخ کہاں ہے۔

دنیا اور آخرت کے درمیان عالم کا نام برزخ ہے۔

﴿۱۲﴾ اخلاص کس کو کہتے ہیں؟

ہر کام اللہ پاک کو راضی کرنے کی نیت سے کرنا اس کو اخلاص کہتے ہیں۔

﴿۱۳﴾ توبہ کس کہتے ہیں؟

گناہ کو یاد کرکے دل سے رنج اور افسوس کے ساتھ پھر نہ کرنے کا پکّا ارادہ کرنا۔

﴿۱۴﴾ حرص کس کو کہتے ہیں؟

اللہ تعالی کو بھول کر مال دولت میں مشغول ہو جانا۔

﴿۱۵﴾ صبر کس کو کہتے ہیں؟

طبیعت کے خلاف پیش آنے والے کام پر ناراض نہ ہونا اور اللہ پاک کو یاد کرنا۔

﴿۱۶﴾ تکبر کس کو کہتے ہیں؟

اپنے کو دوسروں سے بڑا سمجھنا اور دوسروں کو اپنے سے حقیر اور ذلیل سمجھنا۔

﴿۱۷﴾ مہمان کے حقوق بتائیں؟

آتے وقت استقبال کرنا، اپنی حیثیت کے مطابق اس کی ضرورت کا خیال کرنا، رخصت کرتے وقت تھوڑی دور تک اس کے ساتھ جانا۔

﴿۱۸﴾ کسی کے پاس جانے کے آداب بتائیں؟

پہلے سلام کرنا، اجازت ملنے پر گھر میں داخل ہونا۔ آرام اور کھانے کے وقت نہ جانا۔

﴿۱۹﴾ مجلس کے آداب بتائیں؟

راستے پر نہ بیٹھنا، بڑوں کی بیٹھک پر نہ بیٹھنا، خالی جگہ ہو تو دور نہ بیٹھنا، بات کو دھیان سے سننا، بات چیت اور شور نہ کرنا، مجلس کے آخر میں دعا پڑھنا۔

﴿۲۰﴾ جانوروں کے حقوق بتائیں؟

طاقت سے زیادہ کام نہ لینا، ضرورت کے بغیر باندھے نہ رکھنا، کھلانے پیلانے کی خبر رکھنا، تیراندازی اور بندوق وغیرہ سیکھنے میں نشانہ نہ بنانا۔

نوٹ: اساتذۂ کرام پہلے سوالات اور جوابات کی عبارت کتاب سے پڑھائیں اور سمجھائیں بعدہ زبانی یاد کرائیں۔

حمد و نعت ونظم

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

تعریف اس خدا کی جس نے جہاں بنایا
کیسی زمین بنائی کیا آسماں بنایا

میوے لگائے کیا کیا خوش ذائقہ رسیلے
چکھنے سے جن کے ہمکو شیریں دہاں بنایا

سورج بنا کے تونے رونق جہاں کو بخشی
رہنے کو یہ ہمارے اچھا مکاں بنایا

یہ پیاری پیاری چڑیاں پھرتی ہیں جو چہکتی
قدرت نے تیری انکو تسبیح خواں بنایا

آب رواں کے اندر مچھلی بنائی تو نے
مچھلی کے تیرنے کو آب رواں بنایا

ہر چیز سے ہے تیری کاری گری ٹپکتی
یہ کارخانہ تو نے کب رائیگاں بنایا

تعریف اس خدا کی جس نے جہاں بنایا
کیسی زمین بنائی کیا آسماں بنایا

﴿تیرے سوا معبود حقیقی کوئی نہیں ہے﴾

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

تیرے سوا معبود حقیقی کوئی نہیں ہے کوئی نہیں
تیرے سوا موجود حقیقی کوئی نہیں ہے کوئی نہیں

تیرے سوا مقصود حقیقی کوئی نہیں ہے کوئی نہیں
تیرے سوا مشہود حقیقی کوئی نہیں ہے کوئی نہیں

اب تو رہے بس تادم آخر ورد زباں اے میرے الٰہ
لا الٰہ الا اللہ، لا الٰہ الا اللہ، لا الٰہ الا اللہ

یاد میں تیری سب کو بھلا دوں کوئی نہ مجھکو یاد رہے
سب خوشیوں کو آگ لگا دوں غم سے تیرے دل شاد رہے

تجھ پہ سب گھر بار لوٹا دوں خانہ دل آباد رہے
سب کو نظر سے اپنی گرا دوں تجھ سے فقط فریاد رہے

اب تو رہے بس تادم آخر ورد زباں اے میرے الٰہ
لا الٰہ الا اللہ، لا الٰہ الا اللہ، لا الٰہ الا اللہ

مجھکو سراپا ذکر بنا دے ذکر تیرا اے میرے خدا:
حلق سے نکلے سانس کے بدلے ذکر تیرا اے میرے خد

نکلے میرے ہر بن مو سے ذکر تیرا اے میرے خدا:
اب تو کبھی چھوڑے نہ چھوٹے ذکر تیرا اے میرے خدا

اب تو رہے بس تادم آخر ورد زباں اے میرے اللہ
لا الٰہ الا اللہ، لا الٰہ الا اللہ، لا الٰہ الا اللہ

پہلو میں جب تک قلب رہے اور تن میں جب تک جان رہے
لب پے تیرا ہی نام رہے اور دل میں تیرا ہی دھیان رہے

جذب میں ہر آں ہوش رہے اور عقل میری حیران رہے
لیکن غافل تجھ سے ہرگز دل نہ میرا ایک آن رہے

اب تو رہے بس تادم آخر ورد زباں اے میرے اللہ
لا الٰہ الا اللہ، لا الٰہ الا اللہ، لا الٰہ الا اللہ

﴿ایک مسلم کی دعا﴾

بسم اللہ الرحمن الرحیم

میری دعا بھی سن لے پروردگارِ عالم
مسلم کو دے ہدایت توفیق ہو عنایت

میری عرض ہے یارب آموزگارِ عالم
مظلوم ہے نہایت کس سے کریں شکایت

ہے بے بسی بھی یارب اور بے کسی بھی یارب
آفتوں سے تو چھڑا دے دشمن کے دل پھرا دے

کشتی پھنسی ہے یارب دنیا دکھی ہے یارب
قسمت بھی تو جگا دے نیکی کی دھن لگا دیے

میری عرض ہے یارب آموزگارِ عالم
مظلوم ہے نہایت کس سے کریں شکایت

توسب کو نیک کردے دل سب کے ایک کردے
ہمکو تو دے ہدایت صحت ہمیں عطا ہو

جھگڑوں کو تو مٹادے تفریق سے تو چھڑادے
عفّت بھی ہو عنایت اور علم بھی عطا ہو

میری عرض ہے یارب آموز گار عالم
مظلوم ہے نہایت کس سے کریں شکایت

﴿ حفظ قرآن کی فضیلت ﴾

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

سینے میں روشنی ہے قرآن کی بدولت
نورانی زندگی ہے قرآن کی بدولت

اللہ رہے تلاوت مومن کے ہر مکاں سے
آواز آرہی ہے قرآن کی بدولت

حافظ اگر ہے کوئی بے شک لحد میں اسکا
محفوظ جسم بھی ہے قرآن کی بدولت

ماں باپ کے سروں پر نورانی تاج ہوگا
بیٹا تو جنّتی ہے قرآن کی بدولت

سینے میں روشنی ہے قرآن کی بدولت
نورانی زندگی ہے قرآن کی بدولت

اللہ کا کرم ہے یہ فیض ہے نبی کا
قرآن حفظ کیا ہے قرآن کی بدولت

دنیا حافظ یہ ہے یا آخرت کی منزل
حاصل خوشی ہوئی ہے قرآن کی بدولت

سینے میں روشنی ہے قرآن کی بدولت
نورانی زندگی ہے قرآن کی بدولت

﴿ایک بچے کی دعا﴾

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنّا میری
زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری

دور دنیا کا میرے دم سے اجالا ہوجائے
ہر جگہ میرے چمکنے سے اُجالا ہوجائے

ہو میرے دم سے یوں ہی دین ووطن کی زینت
جس طرح پھول سے ہوتی ہے چمن کی زینت

ہو میرا کام غریبوں کی حمایت کرنا
دردمندوں سے ضعیفوں سے محبت کرنا

میرے اللہ بُرائی سے بچانا مجھکو
نیک جو راہ ہو اس راہ پے چلانا مجھکو

لب پے آتی ہے دعا بن کے تمنّا میری
زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری

نعت شریف

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

ہے نظر میں جمال حبیب خدا — جسکی تصویر سینے میں موجود ہے
جس نے لا کر کلام الٰہی دیا — وہ محمد مدینہ میں موجود ہے

پھول کھلتے ہیں پڑھ پڑھ کے صل علی — جھوم کر کہ رہی ہیں یہ باد صبا
ایسی خشبو چمن کے گلوں میں کہاں — جو نبی کے پسینہ میں موجود ہے

ہے نظر میں جمال حبیب خدا
جس نے لا کر کلام الٰہی دیا

چھوڑنا تیرا طیبہ گوارا نہیں — ساری دنیا میں ایسا نظارہ نہیں
ایسا منظر زمانے نے دیکھا نہیں — جیسا منظر مدینہ میں موجود ہے

جبکہ طوفاں سفینے سے ٹکرا گیا — میں نے اس سے یہ بےساختہ کہ دیا
کیا بگاڑے گا تو کشتی دن کا — ناخدا جب سفینے میں موجود ہے

ہے نظر میں جمال حبیب خدا
جس نے لا کر کلام الٰہی دیا

الفاظ و معانی

تعریف اس خدا کی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
جہاں	دنیا	تسبیح خواں	تسبیح پڑھنے والے
خوش ذائقہ	اچھا ذائقہ	آب رواں	بہتا ہوا پانی
رسیلے	رس والے	فرش خاکی	مٹی
رونق	زینت۔روشنی	رائیگاں	بےکار

☆☆☆☆☆

﴿ تیرے سوا معبود حقیقی کوئی نہیں ہے ﴾

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
خانۂ دل	دل کا مکان	ہر بن مو	ہر ہر بال کی جڑ
دل شاد	بہت خوش	تن میں	بدن میں
تادم آخر	موت تک	جذب	اللہ سے محبت
سراپا	سر سے پیر تک	ایک آن	ایک گھڑی

﴿ سینے میں روشنی ہے، لب آتی ہے دعا ﴾

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
عنایت	تحفہ دینا، توجہ کرنا	لب	ہونٹ، منہ
آموزگارِ عالم	اللہ پاک، سکھانے والا	تمنا	چاہت
بے بسی	دُکھی	شمع	موم بتّی
بے کسی	بے سہارا، لاچاری	میرے دم سے	مجھ سے
عفّت	پاک دامنی	چمن	باغ
تفریق	جدائی	زینت	خوبصورتی
ہر مکاں	ہر گھر	حمایت	مدد
بدولت	وجہ سے	دردمندوں	دُکھی لوگ
لحد	قبر	ضعیفوں	کمزوروں

فیض	فائدہ، برکت	راہ	راستہ

﴿ ہے نظر میں جمال حبیب خدا ﴾

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
جمال	خوب صورتی	کلام الٰہی	اللہ کا کلام
حبیب خدا	اللہ کے پیارے	بادصبا	موسم بہار کی ہوا صبح کے وقت چلنے والی ہوا
چمن	باغ	طیبہ	مدینہ منورہ
ناخدا	کشتی چلانے والا	سفینہ	کشتی

☆محفوظات کے سات عناوین میں سے کلمات اسلام ،وظائف نماز ،موقع محل کی دعائیں ،اور مسنون کلمات، میں کوئی بچہ کمزور نہ رہے اس کا خیال رکھیں۔

تمام آداب اور سنن کا ترتیب وار یاد رکھنا دشوار ہے تعطیلات میں بچے سب کچھ بھول کر آتے ہیں اس لئے گذشتہ سالوں کے آداب وسنن محفوظ رکھوانا دشوار ہوتا ہے،اس لئے آداب وسنن میں کم از کم جاری سال کے آداب یاد کرادیں اور گذشتہ سالوں کے آداب وسنن ہفتہ میں ایک دو بار کتاب کے اندر سے تعلیم کرایا کریں۔بار بار تکرار سے بغیر ترتیب کے تو انشاء اللہ آداب وسنن ذہن میں محفوظ ہو جائیں گے اور بعد کی زندگی میں اس پر عمل کر سکیں گے مقصود یہ ہی ہے۔

نوٹ :اسکول کی چھٹی کے دن مدرسہ کا وقت عام دنوں کے مقابلہ میں نصف گھنٹہ بڑھا دیا جائے اور اس میں لڑکے اور لڑکیوں کو الگ کر کے چند حلقوں میں تقسیم کر کے فرض، نفل، وتر، نماز جنازہ، اور صلوٰۃ التسبیح وغیرہ نمازوں کی عملی مشق کرائیں ۔

﴿اجتماعی اعمال کا نظام﴾

صبح مدرسہ شروع ہوتے ہی نصف گھنٹہ دو شعبوں میں اجتماعی اعمال ہوتے ہیں۔ اگر تمام بچوں کو ایک جگہ جمع کیا جائے جیسے اکثر مکاتب ہوتا ہے تو ابتدائی بچوں کا اتنا وقت ضائع ہوگا چوں کہ بہت سی باتیں ان سے متعلق نہیں ہوتی۔ اس لئے مدرسہ کے تمام طلبہ کو دو شعبوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے پہلے شعبہ میں قاعدہ اور پارۂ عم کی جماعت کے طلبہ ہوتے ہیں اس شعبہ میں حمد ونعت کے علاوہ سات امور ہیں۔ اور دوسرے شعبہ میں قرآن پاک کے بچے جمع ہوتے ہیں دوسرے شعبہ میں گیارہ امور ہیں۔ اور ہر استاذ سے ایک جماعت کے طلباء متعلق ہے وہ نقشہ کے مطابق اس جماعت کے مطلوبہ طلباء تیار کر کے دوسرے روز اجتماعی اعمال میں پیش کرتے ہیں۔ مثلا کسی استاذ سے متعلق جماعت نمبر ۷ ہے تو بدھ کے روز تین بچے تیار کر کے جمعرات کو پیش کرنا ہوتا ہے۔

اکثر مکاتب میں صبح صدر مدرس یا کسی ایک استاذ کی موجودگی میں تمام بچے ایک جگہ جمع ہوجاتے ہیں اور ایک بچہ کلمات اور اذکار صلواۃ وغیرہ پڑھاتا ہے اور تمام بچے پڑھتے ہیں اکثر بچے غلط پڑھتے ہیں اور غلط الفاظ ان کو یاد ہوتے ہیں اس لئے اجتماعی اعمال کا ہمارے یہاں یہ نظام بنایا گیا ہے کہ ایک بچہ پڑھے اور باقی سنیں اس طرح کلاس کے ہر بچہ کو باری باری استعمال کیا جائے، ایک کلاس کے روزانہ دو چار بچے استعمال ہوں گے اس طرح چند دنوں میں سب کی باری آجائے گی۔ اگر کلمات اور اذکار صلوٰۃ وغیرہ میں حفظ یا صحت کے اعتبار سے عمومی کمی محسوس ہو تو چند حلقوں میں قرآن کے طلبہ کو تقسیم کر دیا جائے اور ہر حلقہ کسی استاذ سے متعلق کر دیا جائے

پھر ہر طالب علم پر محنت کی جائے اس طرح پورے مدرسہ میں متفرقات کا نظام قابو میں آجائے گا۔

اجتماعی اعمال کا نقشہ

امور / ایام	اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات
تلاوت	۷	۶	۵	۴	۷
حمد ونعت	اجتماعی	اجتماعی	اجتماعی	اجتماعی	اجتماعی
احادیث	۶	۷	۵	۵	۴
اسمائے حسنی	۵	۷	۶	۴	۵
سوالات	۴	۵	۶	۷	۷
سیرت پاک	۷	۶	۷	۴	۵
کلمات	۴	۵	۶	۷	۶
وظائف نماز	۷	۴	۵	۶	۷
دعائیں	۴	۶	۷	۵	۶
سنن وآداب	۵	۴	۷	۶	۵
قواعد تجوید	۵	۶	۴	۷	۶
اردو عبارت	۶	۵	۴	۶	۷

Ismail Ahmed Lulat.

9712005458 ,9898611235